صورت دیگر احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا۔

جنگل خیل کی اراضی پر کے ڈی اے نیز تھری کے

اہلیان جنگل خیل کی شاملات ہے اربن ڈیولپمنٹ اتھارٹی سرکاری اراضی استعمال میں لائے ہمارے حق پر ڈاکہ نہ ڈالے، ان خیالات کا اظہار جنگل خیل کے سابق بلدیاتی ممبران [illegible] نے نیو عیدگاہ میں منعقدہ عوامی جرگے سے خطاب کرتے ہوئے کیا مشران علاقہ پیر شاہنواز، پیر کرامت شاہ پیر فائق شاہ، میجر فاروق زمان ڈاکٹر ہاشم جمشید، شاہد زمان اور دیگر نے کہا کہ حکومت نے 47 سال تک ہماری اراضی افغان مہاجرین کی آبادکاری کے لئے استعمال کی، افغان مہاجرین کی وطن واپس جانے سے یہ ہزاروں کنال زمین خالی ہوگئی تو حکومت اس کی مالک بن گئی اور اربن ڈیولپمنٹ اتھارٹی یہاں نیز تھری قائم کرنے کے لئے پروپوزل تیار کر چکی ہے جبکہ اراضی کے اصل مالکان کو مکمل نظرانداز کیا گیا

[illegible]ژالہ باری سے متاثرہ کاشتکاروں کے نقصان کا ازالہ کا مطالبہ

15 مئی کے بارش وژالہ سے مردان اور چارسدہ میں فصلیں تباہ ہوچکی ہیں، رضوان اللہ

[illegible]یر گڑھ (نمائندہ مشرق) کسان بورڈ کے مرکزی [illegible]ائب صدر رضوان اللہ خان نے کہا ہے کہ 15 [illegible]ئی کی ژالہ باری اور طوفانی بارش سے مردان اور [illegible]چارسدہ کے کاشتکاروں کی فصلیں تباہ ہوچکی ہیں [illegible]صوبائی حکومت ژالہ باری سے متاثرہ کاشتکاروں [illegible]کی مدد کرے اور ان کے لیے خصوصی مراعاتی پیکج [illegible]کا اعلان کرے ان خیالات کا اظہار انہوں نے [illegible]گزشتہ روز تخت بھائی میں کاشتکاروں کے اجلاس [illegible]سے اپنے خطاب میں کیا اجلاس سے کسان بورڈ کے رہنماؤں عبدالصمد صافی، شیر علی خان، علی حیدر، حاجی مختیار، خالد خان، معزاللہ خان، حیات خان خٹک اور دوسرے عہدیداروں نے بھی خطاب کیا انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا دہشتگردی سے زیادہ متاثر ہوا ہے، دوسری طرف قدرتی آفات نے صوبے کے کاشتکاروں کو معاشی طور بہت کمزور کر دیا ہے انہوں نے کہا کہ اگر فوری طور ریلیف فراہم نہ کیا گیا تو صوبائی اسمبلی اور پارلیمنٹ ہاؤس کے سامنے زبردست احتجاج کرینگے۔

نیلام عام پہلی بار

اشتہار نیلام بذریعہ E-Baldia تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن لاہور (صوابی) برائے (ایک سال) 27-2026

بحوالہ محکمہ بلدیات ودیہی ترقی خیبر پختونخوا پشاور مراسلہ نمبر AOII/LCB/6-11/2026 مورخہ 07/05/2026 کے تحت تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن لاہور ضلع صوابی اپنے درج ذیل ٹھیکہ جات کو برائے مالی سال 27-2026 از یکم جولائی 2026 جون تا 30 جون 2027 میعاد (ایک سال) کیلئے بذریعہ E-Baldia آن لائن بولی نیلامی کرنا چاہتی ہے۔ خواہشمند ٹھیکیداران محکمہ لوکل گورنمنٹ ایکشن اینڈ رورل ڈویلپمنٹ کی ویب سائٹ (eBaldia.https://cfmis.lgkp.gov.pk) پر وزٹ کر کے نیلامی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

شیڈول نیلامی ٹھیکہ جات برائے ایک سال (27-2026)

نمبر	نام ٹھیکہ جات	میعاد ٹھیکہ	زر بیعانہ	بولی کی رقم بمعہ 10% اضافہ کیساتھ	شیڈول آن لائن نیلامی بذریعہ E-Baldia
1	میلہ مال مویشیان تورڈھیر	ایک سال	2,66,500/- روپیہ	53,25,000/- روپیہ	10,09,08 جون 2026 پر ٹھیکہ جات کو مندرجہ ذیل شیڈول کے مطابق آن لائن نیلامی کیلئے پیش کیا جائیگا۔ اگر کوئی ٹھیکہ مقررہ تاریخ پر نیلامی سے رہ گیا تو اس کا دوبرہ 17,16,15 جون 2026 پر آن لائن نیلامی کیلئے پیش کیا جائیگا۔ (وقت مقررہ بروز پیر 09:00 AM تا بدھ 04:00 PM)
2	جنرل بس سٹینڈ انبار	ایضاً	13,47,500/- روپیہ	2,69,50,000/- روپیہ	
3	پارکنگ فیس لاہور شاخ	ایضاً	1,43,000/- روپیہ	28,60,000/- روپیہ	
4	کار پارکنگ تحصیل کمپلیکس لاہور	ایضاً	23,650/- روپیہ	4,73,000/- روپیہ	
5	سائن بورڈ فیس	ایضاً	47,800/- روپیہ	9,56,000/- روپیہ	ایضاً
6	لوکل ٹیکس سروسز	ایضاً	15,32,000/- روپیہ	3,06,39,000/- روپیہ	ایضاً

E-Baldia نیلامی میں حصہ لینے کیلئے چیدہ چیدہ شرائط درجہ ذیل ہے۔

(1)..... قانونی طریقہ کار کے مطابق کامیاب بولی دہندہ اگلے تین دن تک دفتری اوقات کار میں ٹھیکہ کی کل مالیت کے 5% زرضمانت اور 15% پیشگی رقم بمعہ زر بیعانہ جمع کرانے کا پابند ہوگا ناکامی کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا اور جمع شدہ زر بیعانہ بحق دفتر TMA لاہور ضبط کر کے ٹھیکیدار رفرم کا لائسنس بلیک لسٹ کیا جائیگا۔ (2)..... لوکل کونسل بورڈ، TMA لاہور کے بقایا دار یا اسکے با اختیار نمائندے E-Baldia آن لائن آکشن میں حصہ لینے کے مجاز نہیں ہونگے۔ (3)..... نیلامی کی منظوری مجاز اتھارٹی کی صوابدید پر ہوگی مجاز اتھارٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ معقول وجوہات کی بنا پر ایک یا تمام نیلامی کو منظور رمسترد کردے۔ (4)..... بولی دہندہ حکومت کی وضع کردہ پالیسی کے تحت ماہوار قسط کیساتھ انکم ٹیکس بھی ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ جبکہ دیگر ٹیکسز جو کہ وفاقی وصوبائی حکومت سے وقتاً فوقتاً لاگو ہونگے تو انکو بھی جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ (5)..... بولی دہندہ قانونی شرح کے مطابق فیس وصولی کا خود ذمہ دار ہوگا ناکامی کی صورت میں TMA لاہور (صوابی) ذمہ دار نہیں ہوگا۔ (6)..... بولی دہندہ ٹھیکہ ہذا کا مکمل ریکارڈ یعنی رسیدات وغیرہ دفتر ہذا کو اپنے ریکارڈ کیلئے حوالہ کر دیگا۔ (7)..... بولی دہندہ کو بدوران ٹھیکہ بارش قدرتی آفات، ہڑتال وغیرہ کسی قسم کی معافی نہیں دی جائیگی۔ (8)..... ٹھیکیدار بولی دہندگان لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ خیبر پختونخواہ کی پالیسی گائیڈ لائنز برائے سال 27-2026 کیلئے جاری شدہ شرائط وضوابط پر عمل کرنے کا پابند ہوگا۔ (9)..... خیبر پختونخواہ کی کسی بھی لوکل کونسل کا بقایا دار آن لائن بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہیں ہوگا۔ (10)..... ٹھیکیدار کا کیپر اکیساتھ رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔

دیگر شرائط وضوابط بابت ٹھیکہ جات دفتری اوقات کار میں دفتر تحصیل آفیسر ریگولیشن TMA لاہور میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

نوٹ: ٹھیکہ لوکل ٹیکس سروسز سے متصل لیز کا دورانیہ محکمہ معدنیات کی طرف سے ہوتا ہے۔ لیز کا دورانیہ ختم ہونے پر متعلقہ کیس ریجنل میونسپل آفیسر مردان ریجن مردان کو ارسال کیا جائیگا جسکا فیصلہ حتمی ہوگا۔ جو دونوں فریقین کیلئے قابل قبول ہوگا۔

اشتہار ہذا لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخواہ کے ویب سائٹ (eBaldia.https://cfmis.lgkp.gov.pk) پر ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

بحکم: تحصیل میونسپل آفیسر ٹی ایم اے لاہور

INF(P)2328/2026

المشتہر: تحصیل آفیسر (ریگولیشن) ٹی ایم اے لاہور